© rasailojaraid.com



تبصرہ نگار
ابو غضنفر

# تبصرہ کتب

تبصرہ کیلئے دو کتب کا آنا ضروری ہے

| | |
|---|---|
| پندرہ روزہ | الشریعہ |
| رئیس تحریر | جناب ابو عمار زاہد الراشدی صاحب |
| خط و کتابت کے لئے | مرکزی جامع مسجد پوسٹ بکس ۳۳۱ گوجرانوالہ |
| فون و فیکس | ۰۴۳۱-۲۱۹۶۶۳ |
| ای میل | alshariapaknet 4.Ptc.P.K. |
| ویب ایڈریس | http:/www ummah.net/al-sharia |

سر زمین گوجرانوالہ سے وحدت امت کا داعی اور غلبہ اسلام کا علمبردار جناب ابو عمار زاہد الراشدی صاحب کی زیر ادارت میں شائع ہونے والا پندرہ روزہ "الشریعہ" ایک مثالی پرچہ ہے۔ جو کہ پہلے ماہنامہ پھر سہ ماہی جریدہ کے دو مرحلوں سے گزر کر اب پندرہ روزہ کی صورت میں قارئین کرام کے ہاتھوں میں آ رہا ہے اور اسے انٹرنیٹ پر بھی بالترتیب اردو ایڈیشن کے ساتھ جاری کیا جا رہا ہے۔ جبکہ انگلش ایڈیشن کا پروگرام شامل حال ہے۔

یہ مجلّہ بالفاظ رئیس التحریر اسلام کی دعوت و تبلیغ اور غلبہ و نفاذ' اسلام دشمن عناصر اور لابیوں کے تعاقب' اسلامی تحریکات کے درمیان مفاہمت کے فروغ' دینی حلقوں کی بریفنگ اور ذہن سازی اور اسلامی نظام کے بارے میں مختلف حلقوں کے پیدا کردہ شکوک و شبہات کے ازالہ کے لئے علمی اور فکری محاذ پر اپنی بساط کے مطابق سرگرم عمل ہے اور گروہی مخاصمتوں اور لابیوں کی ترجیحات سے بالاتر رہتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھنے کا عزم رکھتے ہیں اور واقعتاً

بقیہ صفحہ نمبر 39

© rasailojaraid.com